کوریامیں مقیم غیر ملکی(18 سال سے ذائد) کیلئےNOVAVAX(نوواویکس)ویکسین کی معلومات

غیر ملکیوں میں انفیکشن کی حالیہ مثبت شرح زیادہ ہے جبکہ غیر ملکیوں میں کورونا سے حفاظت کی ویکسین لگوانے کی شرح عام لوگوں کے مقابلے میں کم ہے،لہذا براہ کرم کوریامیں محفوظ زندگی کے لیے COVID-19 سے حفاظت کی ویکسین ضرور لگوائیں۔

18 سال سے زیادہ عمر کے غیر ملکی جو کوریامیں طویل عرصے(90دن سے زیادہ) کیلئے مقیم ہیں وہ مفت COVID-19 ویکسین حاصل کرسکتے ہیں۔

○ **Novavaxویکسین(NVX)** نامی ویکسین ایک روایتی پروٹین کے مرکب سے تیار کردہ ویکسین ہے اورHPV اورہیپاٹائٹس بی جیسی مختلف ویکسین بھی اسی طرح تیار کی گئی تھیں۔18 سال سے زیادہ عمر کے غیر ملکی جنہوں نےmRNAویکسین (Pfizer, Moderna) وغیرہ کے منفی ردعمل کے خدشات وغیرہ کی وجہ سے ابھی تک پہلی،دوسری یاتیسری ویکسین نہیں لگوائی ہے،وہ14 فروری سے Novavax ویکسین حاصل کرسکتے ہیں۔

- قطع نظر اس کے کہ آپ کے پاس ہیلتھ انشورنس ہے یا نہیں، آپ کسی طبی ادارے یاعوامی صحت کے مرکز سے ویکسین حاصل کرسکتے ہیں جو کورونا کیNovavaxویکسین کا انتظام کرتا ہے۔

○ **ریزرویشن اور ویکسین لگوانے کا طریقہ**

1) **رجسٹرڈ غیر ملکی:** آپ اپنے غیر ملکی رجسٹریشن نمبر کا استعمال کرتے ہوئے آن لائن یا فون کے ذریعے ریزرویشن کرسکتے ہیں۔

* آن لائن ریزرویشن :ویکسین ایڈوانس ریزرویشن سسٹم (https://ncvr.kdca.go.kr) تک رسائی حاصل کریں اور اپنی تصدیق کے بعد ریزرویشن کریں(21 فروری-~)← طبی ادارے یاعوامی صحت کے مرکز سے ویکسین لگوائیں(3مارچ۔~)

** بذریعہ فون ریزرویشن اوراُسی دن ٹیکہ لگوانا: نوواویکس ویکسین لگانے والے کسی طبی ادارے یاصحت عامہ کے مرکز میں فون کریں اور نوواویکس ویکسین کی دستیابی چیک کریں اور بکنگ کروائیں(14 فروری۔~)← اسی دن تشریف لائیں اور ویکسین لگوائیں(14 فروری۔~)

2) **غیر رجسٹرڈ غیر ملکی(غیر قانونی تارکین وطن سمیت):** آپ پبلک ہیلتھ سینٹر سے عارضی انتظامی نمبر حاصل کرسکتے ہیں اور آن لائن(متبادل شخص وغیرہ کے ذریعے) یافون کے ذریعے ریزرویشن کرا سکتے ہیں۔

* آن لائن ریزرویشن (متبادل شخص کے ذریعے سے ریزرویشن): کورونا19 ویکسین ایڈوانس ریزرویشن سسٹم (https://ncvr.kdca.go.kr) تک رسائی حاصل کریں اور تصدیق کے بعد ریزرویشن کریں(21۔2۔~)← طبی ادارے یاعوامی صحت کے مرکز سے ویکسین لگوائیں(7۔3۔~)

** بذریعہ فون ریزرویشن اوراُسی دن ٹیکہ لگوانا: نوواویکس ویکسین لگانے والے کسی طبی ادارے یاصحت عامہ کے مرکز میں فون کریں اور نوواویکس ویکسین کی دستیابی چیک کریں اور بکنگ کروائیں(14 فروری۔~)← اُسی دن تشریف لائیں اور ویکسین لگوائیں(14 فروری۔~)

*** اگر عارضی انتظامی نمبر کے اجراء کے وقت آپ کے پاس درست ID نہیں ہے، تو آپ کے موبائل فون کے رابطوں میں سے صرف ایک(آپ یا آپ کے جاننے والے) کی ای میل یا رہائشی پتہ میں سے کوئی ایک چیز ہونے کی صورت میں بھی جاری کرواسکتے ہیں۔

3) **نوواویکس ویکسین (NVX) کی تیسری ویکسین**

*NVX-NVXویکسین کے بعد تیسرا NVX ویکسین: آن لائن ریزرویشن یا فون بکنگ کے ذریعے اُسی دن لگوائی جاسکتی ہے۔

** کسی دوسری ویکسین(mRNA, AZ, J) لگوانے کے بعد، اگر ویکسین کے ملتوی ہونے یا کوئی اور وجہ ہونے کی صورت میں ڈاکٹر کی رائے کے مطابق NVX کی تیسری ویکسین: فون بکنگ کے ذریعے اُسی دن ویکسین لگوائی جاسکتی ہے۔

※ حوالہ

- شناختی معلومات کا استعمال صرف ویکسین لگانے کے مقاصد کے لیے کیا جاتا ہے، اور اطلاع کی پابندی کے استثنی کی وجہ سے غیر قانونی قیام وغیرہ کی اطلاع امیگریشن آفس کو نہیں دی جائے گی۔

-مزید تفصیلات کے لیے، براہ کرم COVID-19 ویکسین کے لیے کوریا سینٹرز فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریونشن (KCDC) کی ویب سائٹ دیکھیں(https://ncv.kdca.go.kr) ۔

질병관리청